**05.10.2023**

**13.50 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ............ کلیم احمد

**Music**

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے راجستھان کے جودھ پور میں 5ہزار کروڑ روپے کے مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کیا۔

☆ وزیر اعظم آج مدھیہ پردیش کے جبل پور میں 12ہزار 600 کروڑ روپے سے زیادہ کی لاگت کے کئی ترقیاتی پروجیکٹوں کا آغاز کریں گے۔

☆ سکم میں اچانک آئے سیلاب کے سبب ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 14 ہوگئی ہے۔ 102 افراد کے لاپتہ ہونے کی خبر ہے۔

☆ چین میں جاری ایشیائی کھیلوں میں بھارت نے اسکواش کے مکسڈ ڈبل مقابلے اور تیر اندازی میں خواتین کے کمپاؤنڈ ٹیم مقابلے میں سونے کا ایک ایک تمغہ جیتا ہے۔ بھارت کے تمغوں کی کُل تعداد بڑھ کر 83 ہوگئی ہے۔

☆ اور کرکٹ میں: مردوں کے ایک روزہ میچوں کے عالمی کپ میں احمد آباد میں اب سے کچھ دیر بعد دفاعی چمپئن انگلینڈ کا مقابلہ نیوزی لینڈ سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Rajisthan PM Visit**

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ راجستھان ایک ایسی ریاست ہے، جہاں قدیم بھارت کی شان و شوکت اور ملک کی عظمت، شجاعت، خوشحالی اور ثقافت کا اظہار ہوتا ہے۔ اُنہوں نے جے پور میں ایک جلسے سے خطاب کرتے ہوئے یہ بھی کہا کہ راجستھان ماضی کی عظمت اور شان و شوکت کا مظاہرہ کرتا ہے، اہم بات یہ ہے کہ اُسے بھارت کے مستقبل کا بھی مظاہرہ کرنا چاہیۓ۔ اُنہوں نے کہاکہ یہ اُسی وقت ممکن ہے جب پوری ریاست ترقی کی نئی بلندی پر پہنچے گی۔ وزیراعظم نے کہاکہ مرکزی سرکار راجستھان میں ریل اور سڑک کے بنیادی ڈھانچے اور ہر شعبے میں تیزی سے ترقی کیلئے کام کررہی ہے۔ وزیراعظم نے اِس طرف توجہ دلائی کہ حصولِ آزادی کے بعد سے راجستھان میں 2014 تک محض 600 کلو میٹر ریل لائن کی برق کاری کی گئی تھی، لیکن موجودہ سرکار گزشتہ 9 سال میں پہلے ہی 3 ہزار 700 کلو میٹر سے زیادہ برق کاری کا کام انجام دے چکی ہے۔ وزیراعظم نے کہاکہ آج ریل اور سڑکوں کے پروجیکٹوں سے ریاست میں ترقی کی رفتار میں تیزی آئے گی۔ اُنہوں نے بتایا کہ ریل لائن کے دوہرا کردینے سے ریل گاڑیوں کے ذریعے سفر کرنے کے وقت میں کمی آئے گی۔ اُنہوں نے رانچی ایکسپریس کو بھی ہری جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ وزیراعظم نے جودھپور میں سڑک، ریل گاڑی، ہوا بازی، صحت اور اعلیٰ تعلیم سے وابستہ 5 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے مختلف پروجیکٹوں کو وقف کیا۔

بعد میں جناب مودی مدھیہ پردیش میں جبل پور جائیں گے، جہاں وہ 12 ہزار 600 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے پروجیکٹوں کا افتتاح کریں گے، بنیاد رکھیں گے اور ملک کے نام وقف کریں گے۔ ہمارے نامہ نگار نے خبردی ہے کہ وزیراعظم Veerangana Rani Durgavati Smark اور Udyaan کا بھومی پوجن بھی کریں گے۔

**Rev. Chhattisgarh-Anurag Thakur**

اطلاعات ونشریات، نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے مرکزی وزیر انوراگ سنگھ ٹھاکر نے آج چھتیس گڑھ کے رائے پور میں نہرو یووا کیندر سنگٹھن کی جانب سے منعقد ایک دو روزہ ریاستی سطح کے یوتھ فیسٹول کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت میں موجود نوجوانوں کی طاقت کو مزید مضبوط کرنے کی ضرورت ہے اور یہ کھیلوں، ثقافت اور سینما کے ذریعہ کیا جاسکتا ہے۔ جناب ٹھاکر نے کہا کہ بھارتی کھلاڑیوں نے چین میں جاری ایشیائی کھیلوں میں اپنی بہترین کارکردگی سے ملک کا سر فخر سے بلند کیا ہے۔ انہوں نے نوجوانوں سے زور دے کر کہا کہ وہ ماحولیات، تعلیم، صحت، صفائی ستھرائی، منشیات کی لعنت سے نجات جیسے کسی ایک شعبہ کا انتخاب کریں اور اِس بات کا عہد کریں کہ وہ آئندہ 25 برس میں اِس شعبے میں مثبت تبدیلی کی خاطر ہرممکن تعاون کریں گے۔انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کے تعاون سے بھارت 2047 تک ایک ترقی یافتہ ملک بن سکتا ہے۔ چھتیس گڑھ کی راجدھانی رائے پور میں اِس دوروزہ یوتھ فیسٹول کا انعقاد امرت کال کے 5پرن کے موضوع کے تحت ہورہا ہے۔

**Maha Rijiju**

ارضیاتی سائنس کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے مہاراشٹر کے ستارا ضلعے کے مہابلیشور میں کافی اونچائی پر واقع بادلوں کے مطالعے سے متعلق Physics لیباریٹری کا دورہ اور اس کا معائنہ کیا۔ یہ لیباریٹری پنے میں واقع Tropical Meteorology کے بھارتی ادارے کی ایک شاخ کے طور پر کام کررہی ہے۔ اس مرکز میں مانسون کی بارش سے متعلق بادلوں کی نقل و حرکت کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔ اپنے دورے کے دوران جناب رجیجو نے اِس مرکز کے مختلف محکموں کا معائنہ کیا اور اُن کے کام کاج کے بارے میں معلومات حاصل کی۔

**Sikkim Flood Update**

سکم میں اچانک آئے سیلاب کے سبب ہلاک ہونے والوں کی تعداد بڑھ کر 14 ہوگئی ہے، جبکہ تقریباً 102 افراد کے لاپتہ ہونے کی خبر ہے۔ کل Lachen وادی میں تیستا دریا کے پاس Lhonak جھیل پر بادل پھٹنے کے بعد اچانک سیلاب کی صورتحال پیدا ہوگئی تھی۔ تلاش کارروائی جاری ہے۔ این ڈی آر ایف کی تین ٹیموں کو اِس کے لیے تعینات کیا گیا ہے۔گواہاٹی اور پٹنہ سے دو اور ٹیمیں سکم جانے کے لیے تیار ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کل سکم کے وزیر اعلیٰ پریم سنگھ تمانگ سے بات کی اور صورتحال کا جائزہ لیا۔ وزیر اعظم نے ہرممکن مدد کا یقین دلایا اور اِس قدرتی آفت کے سبب متاثرہ افراد کی سلامتی کے لیے دعا کی۔

**Telangana-Turmeric Board**

تلنگانہ کے کسان ہلدی سے متعلق قومی بورڈ کے قیام کے حوالے سے خوشی کا اظہار کررہے ہیں، جس کا اعلان وزیر اعظم نریندر

مودی نے ریاست کے حالیہ دورے کے دوران کیا تھا۔ کریم نگر ضلعے کے ایک کسان رہنما Sugunakar Rao نے کہا کہ اِس سلسلے میں مرکزی کابینہ کی منظوری کے تناظر میں کسانوں کا ایک دیرینہ خواب پورا ہوگیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس سے خاص طور سے تلنگانہ کے شمالی ضلعوں کے ہلدی پیدا کرنے والے کسانوں کو مدد ملے گی اور، اور زیادہ کسان کی ہلدی کی پیداوار کے لیے حوصلہ افزائی ہوگی۔ انہوں نے مزید کہا کہ تلنگانہ کی ہلدی اپنی بہترین کوالٹی کے لیے جانی جاتی ہے۔

**Rajnath Singh Navy**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کل نئی دلّی میں بحریہ کے تجدید شدہ ملکی پروگرام Swavalamban-2.0 کا آغاز کیا۔ بحریہ کے Naval Innovation and Indigenisation Organisation (NIIO) سیمینار ''Swavlamban'' سے خطاب کرتے ہوئے جناب سنگھ نے کہا کہ مودی حکومت کے اقتدار میں آنے کے بعد سے خود انحصاری ترجیح بن گئی ہے۔ پروگرام کے دوران وزیر دفاع نے فوجی امور کے محکمہ DMA کی دیسی ساخت کے سازوسامان سے متعلق پانچویں فہرست بھی جاری کی، جس میں 98 سازوسامان شامل ہیں۔ انتہائی جدید نظام، سنسر، ہتھیاروں اور گولہ بارود کو اس فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔ یہ تمام مصنوعات دفاعی سازو سامان کی خرید کے عمل 2020 کے ضابطوں کے مطابق گھریلو ذرائع سے خریدی جائیں گی۔ فہرست کے بارے میں بات کرتے ہوئے وزیر دفاع نے کہا کہ یہ مسلح فورسز کو دیسی سازوسامان کی فراہمی کے عمل میں اہم قدم تصور کیا جا رہا ہے۔

**EU-Ukraine**

یوروپی یونین مستقبل میں، یوروپی یونین میں یوکرین کے الحاق کیلئے بات چیت شروع کرنے کی تیاری کررہا ہے۔ اس کیلئے باضابطہ اعلان دسمبر میں متوقع ہے۔ اس اَمر سے متعلق جانکاری رکھنے والے تین سفارتکاروں نے کہا ہے کہ یوروپی یونین کے رہنما 27 ملکوں کی یونین میں یوکرین کے شامل ہونے سے متعلق رسمی بات چیت اس سال کے اختتام سے قبل شروع کرنے کیلئے یوکرین کو گرین سگنل دینے کیلئے پوری طرح تیار ہیں۔ یوروپی یونین کے ارکان کی تعداد بڑھاکر 35 کرنے کیلئے ایک نہایت اہم پہل ہورہی ہے۔ یورپی کمیشن کی صدر Ursula Von Der Leyen نے پچھلے مہینے یورپی یونین کی پارلیمنٹ میں سالانہ خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یوکرین کا مستقبل یوروپی یونین میں ہے۔

**Japan Earthquake**

جاپان کے آج مغربی بحر الکاہل سمندر میں چھ اعشاریہ چھ شدت کا ایک زلزلہ محسوس کیا گیا۔ یہ زلزلہ Izu میں Torishima کے نزدیک جاپان کے معیاری وقت کے مطابق صبح گیارہ بجے آیا جو دس کلومیٹر کی گہرائی پر مرکوز تھا۔ جاپان کی محکمہ موسمیات کے مطابق ایجنسی نے زلزلے کے بعد کے ممکنہ جھٹکوں کے لیے خبردار کیا ہے اور لوگوں سے اگلے ہفتے تک محتاط رہنے کی درخواست کی ہے۔اب تک کی رپورٹس کے مطابق کسی آتش فشاں جیسی کوئی غیر معمولی سرگرمی دیکھنے میں نہیں آئی ہے۔

**US-House Speaker Raee**

تاریخی ووٹ کے ذریعہ امریکی ایوان نمائندگان کے اسپیکر Kevin McCarthy کو، اُن کے عہدے سے ہٹائے جانے کے بعد نئے اسپیکر کیلئے دوڑ شروع ہوگئی ہے۔ طویل عرصے سے McCarthy کے جانشیں تصور کئے جانے والے Steve

Sclise اور Jim Jordan، جنہوں نے بائیڈن انتظامیہ کے خلاف تحقیقات کی قیادت کی، نے کہا ہے کہ وہ اسپیکر کے عہدے پر فائز ہونا چاہئیں گے۔ Sclise کو ریپبلکن پارٹی کے اندر زیادہ قدامت پرست سمجھا جاتا ہے، جبکہ جورڈن، جنہیں پہلے پارٹی کے دائیں بازو کے رہنما کے طور پر شہرت ملی تھی، انہیں سابق صدر ڈونلڈ ٹرمپ کا زبردست حمایتی تصور کیا جاتا ہے۔

**Asian Games**

چین میں جاری ایشین گیمز میں، ہانگزو میں بھارت کو تمغے ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ آج بارہویں دن ملک کو سونے کے دو تمغے حاصل ہوئے۔ اس کے ساتھ ہی مجموعی تمغوں کی تعداد 83 ہوگئی ہے، جس میں 20طلائی، 31 چاندی اور 32 کانسے کے شامل ہیں۔تمغوں کی فہرست میں بھارت فی الحال چوتھے مقام پر ہے۔ ایشیائی کھیلوں میں یہ بھارت کی اب تک کی سب سے بہترین کارکردگی ہے۔تیر اندازی میں، آج بھارت نے خواتین کے کمپاؤنڈ مقابلے میں بھارت نے سونے کا تمغہ حاصل کیا ہے۔ فائنل میں بھارت کی تین کھلاڑیوں اَدیتی سوامی، جیوتی وینم اور پرنیت کور پر مشتمل ٹیم نے چینی تاپے کو شکست دی۔ اسکواش فائنل میں دیپیکا پلیکل اور ہریندر پال سنگھ کی اعلیٰ سیڈ یافتہ جوڑی نے ملیشیا کی جوڑی کو دو صفر سے شکست دے کر سونے کا تمغہ حاصل کیا۔

**Cricket World Cup**

مردوں کا ICC ون ڈے کرکٹ عالمی کپ 2023 آج سے گجرات میں شروع ہورہا ہے۔ اِس ٹورنامنٹ کا افتتاحی میچ دفاعی چمپئن انگلینڈ اور نیوزی لینڈ کے درمیان احمدآباد کے نریندر مودی اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر دو بجے سے کھیلا جائے گا۔ پچھلے عالمی کپ میں دونوں ٹیمیں فائنل میں پہنچی تھیں اور انگلینڈ دفاعی چمپئن ہے۔ بھارت اپنی مہم کا آغاز اتوار کو چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں آسٹریلیا کے ساتھ مقابلہ سے کرے گا۔ احمد آباد میں عالمی کپ کے 5 میچ کھیلے جائیں گے، جن میں اِس ماہ کی 14 تاریخ کو بھارت-پاکستان کے درمیان مقابلہ اور آئندہ مہینے کی 19 تاریخ کو عالمی کپ کا فائنل شامل ہیں۔ آج افتتاحی مقابلے کے لیے موٹیرا میں اسٹیڈیم کے آس پاس اور احمد آباد کے دیگر علاقوں میں پولیس کے 3ہزار 500اہلکار تعینات کئے گئے ہیں۔